لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۶ نومبر ۱۹۲۲ء	نمبر ۴۵

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

الاونس شامل تنخواہ

۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر منشی ماتا پرشاد صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کو پچاس روپیہ الاونس جو صیغہ نہر میں علاوہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ کے ملتا تھا شامل تنخواہ فرمایا گیا - اب صاحب موصوف ایکسو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پائینگے - اور دو کس اردلیان کی بھی منظوری دیگئی -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

مدرسہ عالیہ مین مولوی فاضل کے درجہ کی تعلیم کے واسطے اسوقت کوئی معلم نہین ہی۔ لہذا مولوی سید داؤد صاحب کا تقرر بشاہرہ سو روپیہ ماہوار مدرسہ عالیہ مین برائے تعلیم درجہ مولوی فاضل منظور کیا جاتا ہی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون۔ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کو اطلاع دیجائے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب۔ محمود احسن گرداور چنگی چوکی ریلوے کی موجودہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مین پانچروپیہ اضافہ یکم نومبر ۱۹۲۲ء سے منظور کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علیحدگی مختار

۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق رجسٹرار صاحب صدر۔ بربنایہ درخواست چرن ولد کلن قوم نورباف پیشہ ٹھیکہ داری ساکن محلہ سرائے کلان۔ لالہ بابو رام تحویلدار انہار کو ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۲ء سے مختاری کے کام سے علیحدہ کیا گیا۔
